## حکومت وانتظامیہ طوفانی بارشوں سے شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے،الطاف حسین

### ممکنہ سمندری طوفان وبارشوں سے شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے صوبائی اور
### شہری حکومت سے بھرپور تعاون کیا جائے ،حق پرست عوامی نمائندوں کو الطاف حسین کی ہدایت

لندن۔۔۔02/جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست عوامی نمائندوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ممکنہ سمندری طوفان اور طوفانی بارشوں سے شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے نہ صرف صوبائی اور شہری حکومت سے تعاون کریں بلکہ شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کراچی اور صوبہ سندھ کے دیگر ساحلی علاقوں میں سمندری طوفان کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بحرہ عرب میں اٹھنے والے سمندری طوفان سے کراچی اور سندھ کے دیگر ساحلی علاقوں میں طوفانی بارشوں کی پیشنگوئی کی جارہی ہے جس سے ساحلی علاقوں سے ملحقہ آبادیوں کو شدید خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت وانتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ طوفانی بارشوں سے شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے اور بارش کے پانی کی نکاسی کے لئے نالوں کی صفائی اور کاروباری زندگی جاری رکھنے کیلئے خصوصی توجہ دی جائے۔

## سندھ میں طوفان اور شدید بارشوں سے نمٹنے کیلئے موثر اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں

### نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ سیل سمیت کراچی،سندھ اور وفاقی حکومت کے ادارے ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کیلئے تیاریاں مکمل رکھیں

کراچی۔۔۔2،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ بحیرہ عرب میں اٹھنے والے طوفان اور اس کے نتیجے میں سندھ میں متوقع شدید طوفانی بارشوں سے نمٹنے کیلئے موثر اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ سیل کو فی الفور فعال کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بحیرہ عرب میں اٹھنے والے طوفان سے سندھ کے ساحلی علاقوں کو شدید خطرات لاحق ہیں جس سے نبرد آزما ہونے اور عوامی جان ومال کے تحفظ کیلئے تمام حکومتی مشینری اور اداروں کو الرٹ کیا جائے۔انہوں نے ساحلی علاقوں میں مقیم عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ طوفان اور شدید بارشوں کے پیش نظر ازخود متبادل اور محفوظ جگہوں پر منتقل ہوجائیں تاکہ طوفان اور بارشوں کی تباہ کاریوں سے زیادہ سے زیادہ محفوظ رہا جاسکے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ سیل سمیت کراچی،سندھ اور وفاقی حکومت کے ماتحت آنے والے تمام اداروں پر زور دیا کہ وہ ممکنہ طوفان اور بارشوں سے بچاؤ کیلئے اپنی تمام تیاریاں مکمل رکھیں اور انسانی خدمت کے عملی جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریوں کو بھرپور طریقے سے انجام دینے اور ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کیلئے تیار رہیں۔

## بین الاقوامی سائنسی مقابلوں میں خیر پور کے 16 سالہ توصیف احمد میمن کو تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر ارکان سندھ اسمبلی کی زبردست مبارکباد

### کم عمری میں توصیف احمد میمن نے تیسری پوزیشن حاصل کرکے دنیا بھر میں ملک وقوم کا نام روشن کیا ہے
### ملک اور ملک سے باہر ٹیلنٹ کا مظاہرہ کرنے والے افراد کیلئے حکومتی سرپرستی ، پذیرائی اور تعاون کی اشد ضرورت ہے

کراچی۔۔۔2،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے بین الاقوامی سائنسی مقابلوں میں خیر پور کے 16 سالہ توصیف احمد میمن کو تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ توصیف احمد میمن نے کم عمری میں بین الاقوامی سطح پر ہونے والے سائنسی مقابلوں میں تیسری پوزیشن حاصل کرکے ملک وقوم کا نام روشن کیا ہے اور اس کارنامے پر توصیف احمد میمن ہر سطح پر پذیرائی کا مستحق ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک اور ملک سے باہر اپنے ٹیلنٹ کا مظاہرہ کرنے والے افراد کیلئے حکومتی سرپرستی، پذیرائی اور تعاون کی اشد ضروری ہے جس سے ملک کے نوجوانوں کے حوصلے بلند ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم توصیف احمد میمن کے کارنامے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک کی نوجوان نسل اسی طرح دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کرنے کا سبب بنے۔ارکان سندھ اسمبلی نے توصیف احمد میمن کے اہل خانہ کو بھی دلی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ان کی تعلیم وتربیت کی بدولت ہی آج توصیف احمد میمن ملک وقوم کا نام روشن کرنے کے قابل بن سکا ہے۔

## گلگت بلتستان اسمبلی کے حق پرست ایم ایل اے راجہ اعظم نے علی آباد، ہنزہ، دینور اور ششکٹ کے مقامات پر لگائے گئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں کا دورہ کیا

## سینکڑوں متاثرہ خاندانوں میں غذائی اجناس، ٹینٹ اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء تقسیم کیں

کراچی۔۔۔2 جون 2010ء

ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز گلگت بلتستان اسمبلی میں ایم کیو ایم کے حق پرست ایم ایل اے راجہ اعظم نے علی آباد، ہنزہ، دینور اور ششکٹ کے مقامات پر متاثرین کیلئے لگائے گئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں کا دورہ کیا اور وہاں موجود سینکڑوں متاثرہ خاندانوں میں غذائی اجناس، ٹینٹ اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء تقسیم کیں۔متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے راجہ اعظم نے کہا کہ ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے بھرپور امدادی سرگرمیوں کی ہدایت کی ہے اس ضمن میں کراچی میں ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بھی متاثرین کیلئے لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل امدادی سامان پہنچایا گیا ہے جو متاثرین میں ان کی عزت نفس مجروح کئے بغیر تقسیم کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن دکھی انسانیت کی خدمت میں ہمیشہ پیش پیش رہا ہے اور آزاد کشمیر سمیت صوبہ سرحد میں آنے والے زلزلے میں اس ادارے کی عملی خدمات کا اعتراف ہر سطح پر کیا گیا ہے اور اب ہنزہ متاثرین کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں ثابت کرتی ہیں کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کا شعار دکھی انسانیت کی عملی خدمت ہی ہے۔انہوں نے امدادی کیمپوں میں خدمات انجام دینے والے کے کے ایف کے رضا کاروں کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیو ایم گلگت کے زونل انچارج ہدایت اور زونل کمیٹی ارکان بھی موجود تھے۔

## الفاظ تلوار سے زیادہ اثر رکھتے ہیں، کتاب کلچر کو فروغ دینے کیلئے ہر سطح پر کوششوں کی ضرورت ہے، نسرین جلیل

## معروف قلم کار اور محقق عقیل عباس جعفری سے نائن زیرو پر ملاقات کے موقع پر گفتگو

کراچی۔۔۔2، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کی رکن اور سابق نائب ناظم کراچی نسرین جلیل نے کہا ہے کہ الفاظ تلوار سے زیادہ اثر رکھتے ہیں، کتاب کلچر کو فروغ دینے کیلئے ہر سطح پر کوششوں کی ضرورت ہے، تحقیق و تالیف کے شعبے سے وابستہ اہل قلم عوامی شعور کی بیداری میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے نائن زیرو پر ان سے ملاقات کیلئے آنے والے معروف قلم کار اور محقق عقیل عباس جعفری سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے پاکستان کے تاریخ وار عوامی انسائیکلو پیڈیا پر مبنی اپنی مرتب کردہ کتاب ''پاکستان کرونیکل'' نسرین جلیل کو پیش کی۔عقیل عباس جعفری نے نسرین جلیل گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس سے قبل وہ اپنی ایک کتاب ''پاکستان کے سیاسی وڈیرے'' بھی تحریر کر چکے ہیں جس کے بعد اب تک نو ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔نسرین جلیل نے انہیں کتاب کی اشاعت پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کتابوں کو تمام جامعات اور لائبریریوں میں موجود ہونا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین ایک ایسے معاشرے کے قیام کی جدوجہد کر رہے ہیں جہاں سب کو مساوی حقوق حاصل ہوں اور یہ تب ہی ممکن ہے جب جاگیرداری نظام کا خاتمہ ہو۔انہوں نے کہا کہ مظلوم اور کچلے ہوئے عوام کے خلاف ظالمانہ اقدامات اس لئے ہو رہے ہیں کہ ہم اب تک جاگیردارانہ سوچ کو ختم نہیں کر سکے مگر متحدہ قومی موومنٹ نے اس پر آواز اٹھائی ہے اور جاگیردارانہ سوچ اور نظام کے خاتمہ کیلئے ہماری جدوجہد جاری ہے۔

## کنور خالد یونس اور سیف یار خان نے عبدالقادر لاکھانی اور خالد بن ولایت کی عیادت کی

کراچی۔۔۔2 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور سیف یار خان نے کراچی کے مقامی اسپتال جا کر مرکزی ایلڈرز ونگ کے رکن اور سابق حق پرست رکن صوبائی اسمبلی عبدالقادر لاکھانی اور حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیر ان کے ہمراہ رہے اور انہوں نے عبدالقادر لاکھانی اور خالد بن ولایت کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے مرکزی ایلڈرز ونگ کمیٹی کے ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## ایم کیوایم کے سوگوارارکارکنان سے جناب الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔2،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن شاہ محمد،ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 189 کے ایلڈرونگ کے کارکن رشید احمدانتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ میں اورایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل دے(آمین)

## ایم کیوایم سوگوارکارکنان سے رابطہ کمیٹی اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔2،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن شاہ محمد،ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 189 کے ایلڈرونگ کے کارکن رشیداحمد،ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 67/C کے کارکن محمد سہیل کی والدہ جمیلہ بیگم،ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن غلام حسین کے صاحبزادے ساجد حسین،ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے پی ٹی سی ایل یونٹ کے کارکن محبوب عالم کے والدنعمت اللہ، ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے بی ایس اے سب یونٹ کے کارکن محمد جہانگیر کے بھائی عبدالخالداور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریاسیکٹر یونٹ 152 کے شہید کارکن صبورشہیداور لیبر ڈویژن KDA سب یونٹ کمیٹی کے رکن راشدعلی کے والدعبدالغفور کے والدعبدالغفور کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل دے۔(آمین)

## مختلف مذاہب اورمکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان کی اپنی اپنی عبادتگاہوں میں ساحلی علاقوں میں طوفانی بارشوں سے تحفظ کیلئے خصوصی دعائیں

کراچی۔۔۔02/جون2010ء

مختلف مذاہب اورمکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان نے اپنی اپنی عبادتگاہوں میں اپنے اپنے عقیدے کے مطابق سمندری طوفان کے باعث کراچی سمیت سندھ بھر کے ساحلی علاقوں میں طوفانی بارشوں سے شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے خصوصی دعائیں کی ہیں۔دعائیں کرنے والوں میں مسلم،ہندو،سکھ،عیسائی اوردیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان وہمدردشامل ہیں۔

☆☆☆☆☆